بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان ، رحمت والاہے۔

شان اللہ جل شانہ اور شان رسول اللہ ﷺ

تمام تعریفیں اس ذات با صفات کی ہیں جس کا نام شافی الامراض ہے جس نے کائنات کی راہنمائی کے لیے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام ومرسلین عظام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا اور سب سے آخر میں اپنی قدرت کے عظیم شاہ کار اول مرسل اعظم حضور سید المرسلین، آقائے نامدار مدنی تاجدار، حضرت محمد مصطفی ﷺ کو مبعوث فرما کر اس سلسلہ نبوت کا اختتام فرمایا اور کروڑوں درودو سلام ہوں آپ سے پر کہ آپ ﷺ ہی وہ رہبر را ہنما ہستی ہیں جو کل عالم کے لیے حقیقی نمونہ ہیں۔ آپ سے ہی نے ہمیں اس دنیا میں رہنے کا سلیقہ سکھایا اور مہد سے لحد تک کی مزلوں سے آشکار کیا ۔ آپ سے ہی کی بلند مرتبہ بارگاہ سے قاضی کو قانون عدل کا پتہ چلتا ہے غازی کو جہاد کے اصولوں کی راہنمائی اسی در سے ملتی ہے۔ باپ کو اولاد کی تربیت کا درس ملتا ہے اور اولاد کو والدین کی فرمانبرداری کا حکم ای آستاں سے عطا ہوتا ہے یہی وہ آستان فیض ہے جہاں سے خداوند قدوس کی معرفت ، اس کی عبادت محبت و اطاعت کا جذ بہ عطا ہوتا ہے اس معلم کائنات نے ہمیں کھانے پینے ، اٹھنے بیٹھنے اور چلنے پھرنے کا سلیقہ سکھایا۔ آپ سے ہی کی ذات پاک نے ہمیں صحت کے اصولوں نفاست و طہارت کی اعلیٰ منزلوں پر فائز ہونے کی رہنمائی فرمائی۔ فرض کہ زندگی کے ہر شعبہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات پاک نے ہماری رہبری ہیری فرمائی ہے ہمیں جسمانی وروحانی بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لیے طبیب دو عالم، چارہ درودونہاں چے کے در سے کسب فیض کرنا پڑے گا اور اس بے پایاں رحمت خداوندی سے اپنا حصہ وصول کرنے کے لیے دامن کو پھیلا نا پڑے گا اور بس بس پھر ان کے کرنے کے کام میں تاریخ گواہ ہے کہ پھر انہوں نے کسی کا دامن خالی نہیں لوٹا یا ، سائل نے جب بھی ان کے در پر صدادی ہے اپنی طلب سے بڑھ کر پایا ہے۔ موجودہ دور میں مادیت پرستی کا عفریت جہاں پوری انسانیت کو اپنی لپیٹ میں لے کر وحشیانہ طریقہ سے نکل رہا ہے وہاں ہماری مسلمان قوم بھی اس کی زد سے محفوظ نہیں رہی۔ جس طرح السعودیہ طبی فاؤنڈیشن کے روح رواں حکیم سیف اللہ سیکھوں کا میاب ہوئے ہیں۔ انھوں نے طب اسلامی کے تحت تیار کی جانے والی پرانی معجونات، کشتوں، عرقیات اور مربہ جات کو جدید سائنٹیفک انداز میں گولوں کی شکل میں پیش کر کے طلب اسلام د یونانی کے مخالفین کے اس اعتراض کو بھی دور کر دیا ہے کہ دیسی ادویات کا استعمال مشکل ہے۔ جڑی بوٹیوں کے جواہر سے تیار کردہ ان ادویات سے لاکھوں افراد فیض یاب ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ السعود ی طبی فاؤنڈیشن کے ریسرچ سکالر جناب حکیم سیف اللہ سیکھو کی سر پرستی و نگرانی میں السعود یہ طبی فاؤنڈیشن نے مختصر سے عرصہ میں طبی حلقوں میں جس طرح اپنا مقام بنایا ہے وہ قابل تحسین و تقلید ہے۔ اب انھوں نے طب نبوی سے جلد نمبر 25 لکھ کر عوام کی جو خدمت کی ہے یہ آپ کے سامنے ہے۔ دن ، رات ایک کر کے پانچ سو صفحات کی کتاب با تصویر علم و دانش کا منہ بولتا ثبوت ہے۔